روزنامہ جنگ راولپنڈی
Tuesday March 9, 2021

بااختیار خواتین معاشرے کی بنیاد‘ تشدد کیخلاف متحد ہوا جائے‘ مقررین

مقامی حکومتوں میں خواتین کی زیادہ سیٹیں مختص کی جائیں‘ طاہرہ اورنگزیب اور دیگر کا خطاب

راولپنڈی (خبر نگار خصوصی) عالمی یوم خواتین کے موقع پر عورت فاؤنڈیشن کے زیراہتمام راولپنڈی پریس کلب میں تقریب ہوئی۔ مسٹر کرسٹوفر کھنگ ہیڈ کوآپریشن ہائی کمیشن برائے کینیڈا‘ طاہرہ اورنگزیب ممبر قومی اسمبلی، عابدہ منیر، پیپلز پارٹی کی سٹی صدر سمیرا خان، مہ روبینہ اکبر، ثمینہ شعیب، عذرا یونس، ممتاز مغل اور نعیم احمد مرزا نے شرکت کی۔ مقررین نے کہا کہ خواتین کے عالمی دن پر وعدے بہت کئے جاتے ہیں لیکن عمل نہیں کیا جاتا۔ بااختیار خواتین بااختیار معاشرے کی بنیاد ہیں۔ خواتین کی شمولیت کے بغیر جمہوریت کا تصور ناممکن ہے۔ خواتین پر ہونیوالے تشدد کیخلاف متحد ہونا چاہئے۔ اس موقع پر حکومت سے مقامی حکومتوں کے الیکشن فی الفور منعقد کرانے اور خواتین کی زیادہ سیٹیں مختص کرنے کا بھی مطالبہ کیا گیا۔